© rasailojaraid.com





# مدارسِ عربیہ کے لئے ایک لمحۂ فکر

از

(سعید احمد)

(۶)

گذشتہ قسط میں جو وعدہ کیا گیا تھا اس کے مطابق ذیل میں ایک نصاب پیش کیا جاتا ہے جو مغربی بنگال کے مدارسِ عربیہ کے لئے بنایا گیا ہے۔ اگر اس نصاب سے اصولاً اتفاق ہو تو اپنے مقامی حالات اور مالی استطاعت و وسعت کے مطابق تھوڑی بہت ترمیم و تنسیخ اور رد و بدل کے ساتھ ہر مدرسہ اس کو اپنا سکتا ہے۔

## نصاب

(۱) مدارسِ عربیہ میں مدت تعلیم ۱۶ (سولہ سال) ہوگی اور یہ مدت تین حصوں میں تقسیم ہوگی۔

| | |
|---|---|
| (الف) جونیر مدرسہ | مدت تعلیم چھ سال |
| (ب) ہائی مدرسہ | مدت تعلیم چار سال |
| (ج) مدرسہ کالج | مدت تعلیم چھ سال |

(۲) جونیر مدرسہ کے ابتدائی چار سالوں میں حسب ذیل مضامین کی تعلیم ہوگی اور مادری زبان اور حساب اور تاریخ و جغرافیہ کا نصاب بیسک ایجوکیشن اسکیم کے مطابق ہوگا۔

(الف) دینیات

(ب) مادری زبان

(ج) حساب

(د) تاریخ و جغرافیہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۸) ورزشِ جسمانی

(۹) عربی (صرف سال چہارم میں)

(۳) جو سینئر مدرسہ کے سال پنجم و ششم میں حسب ذیل سات مضامین کی تعلیم دی جاتے گی۔ ہر مضمون کا ایک پرچہ ہوگا اور چھٹے سال کے ختم پر پبلک امتحان ہوگا۔

پہلا پرچہ :۔ دینیات

دوسرا پرچہ :۔ عربی ادب

تیسرا پرچہ :۔ مادری زبان

چوتھا پرچہ :۔ ہندی۔ اُردو یا ہندی اور مادری زبان بحیثیت ثانوی زبان کے

پانچواں پرچہ :۔ ریاضی

چھٹا پرچہ :۔ تاریخ و جغرافیہ

ساتواں پرچہ :۔ انگریزی

(۴) ہائی مدرسہ کے سال ہفتم و ہشتم میں حسب ذیل مضامین کی تعلیم ہوگی۔ ہر مضمون کا ایک پرچہ ہوگا اور مادری زبان کے دو پرچے ہوں گے۔

پہلا پرچہ :۔ دینیات

دوسرا پرچہ :۔ عربی ادب

تیسرا پرچہ :۔ مادری زبان (نظم و نثر)

چوتھا پرچہ :۔ مادری زبان (صرف و نحو املاء و انشاء)

پانچواں پرچہ :۔ ریاضی

چھٹا پرچہ :۔ انگریزی

ساتواں پرچہ :۔ مضامین ذیل میں سے کوئی ایک مضمون

(الف) انگریزی (ب) دینیات (ج) فارسی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۵) باقی مدرسہ کے سال نہم و دہم میں حسب ذیل مضامین کی تعلیم ہوگی۔ ہر مضمون کا ایک اور مادری زبان کے دو پرچے ہوں گے اور دسویں سال کے ختم پر پبلک امتحان ہوگا۔

لازمی مضامین :-

پرچۂ اول :- دینیات

پرچۂ دوم :- عربی ادب

پرچۂ سوم :- انگریزی

پرچۂ چہارم :- مادری زبان (نظم و نثر)

پرچۂ پنجم :- مادری زبان (صرف و نحو وغیرہ)

پرچۂ ششم :- ریاضی

پرچۂ ۷، ۸ اور ۹ انتخابی مضامین پر مشتمل ہوں گے۔ مندرجۂ ذیل انتخابی مضامین میں سے کسی تین مضمونوں کا لینا ضروری ہوگا۔

(الف) دینیات و عربی ادب۔

(ب) منطق

(ج) فارسی

(د) ریاضی

(ہ) تاریخ و جغرافیہ

(و) انگریزی

(ز) سائنس

(ح) بلدیات (Civic)

(۶) مدرسہ کالج میں تین جماعتوں کی تعلیم ہوگی (۱) عالم (۲) فاضل (۳) کامل، ہر جماعت میں مدتِ تعلیم دو سال ہوگی اور ہر دوسرے سال کے ختم پر پبلک امتحان ہوگا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱

(۱) عالم

اس میں مضامین ذیل کی تعلیم ہو گی۔

۱۔ دینیات ۲۔ عربی ادب ۳۔ منطق و فلسفہ ۴۔ فارسی یا انگریزی ۵۔ مادری زبان اور عالم کے امتحان میں دس پرچے ہوں گے۔

(الف) دینیات۔ پہلا پرچہ تفسیر و عقائد دوسرا پرچہ حدیث و اصولِ حدیث و تاریخ اسلام، تیسرا پرچہ فقہ، اصولِ فقہ، فرائض۔

(ب) عربی ادب۔ چوتھا پرچہ نظم، بلاغت پانچواں پرچہ نثر قواعد چھٹا پرچہ ترجمتین و انشاء

(ج) منطق و فلسفہ۔ ساتواں پرچہ منطق و حکمت

(د) فارسی یا انگریزی۔ آٹھواں پرچہ فارسی یا انگریزی نظم و نثر، نواں پرچہ فارسی یا انگریزی گرامر ترجمہ و انشاء۔

(ہ) مادری زبان۔ دسواں پرچہ مادری زبان۔

(۲) فاضل میں حسب ذیل مضامین کی تعلیم ہو گی۔

۱۔ دینیات، ۲۔ عربی ادب، ۳۔ منطق و فلسفہ، ۴۔ فارسی یا انگریزی، ۵۔ مادری زبان اور فاضل میں دس پرچے ہوں گے۔

(الف) دینیات۔ پہلا پرچہ تفسیر اصول تفسیر عقائد۔ دوسرا پرچہ حدیث اصولِ حدیث و تاریخ اسلام تیسرا پرچہ فقہ، اصولِ فقہ۔

(ب) عربی ادب۔ چوتھا پرچہ نظم۔ عروض والقوافی۔ پانچواں پرچہ نثر۔ بلاغت۔ چھٹا پرچہ ترجمتین والانشاء۔

(ج) منطق و فلسفہ۔ ساتواں پرچہ منطق و فلسفہ

(د) فارسی یا انگریزی۔ آٹھواں پرچہ نظم و نثر نواں پرچہ گرامر و انشاء و ترجمہ

(ہ) مادری زبان۔ دسواں پرچہ مادری زبان



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۸) کامل کے تین شعبے ہوں گے کامل دینیات، کامل ادب، کامل تاریخ اور کامل کے ہر شعبے میں آٹھ پرچے ہوں گے۔

(الف) کامل دینیات ۔ پہلا پرچہ تاریخ القرآن، تاریخ علم التفسیر

دوسرا پرچہ اصول تفسیر و علم بلاغت قرآن

تیسرا پرچہ حدیث ۔ چوتھا پرچہ حدیث ۔ پانچواں پرچہ حدیث ۔

چھٹا پرچہ اصولِ حدیث و تاریخِ حدیث ] یا مقالہ تحقیقیہ

ساتواں پرچہ فقہ، اصولِ فقہ و تاریخ الفقہ

آٹھواں پرچہ علم العقائد و اسرار الشریعۃ

(ب) کامل ادب ۔ پہلا پرچہ نظم قدیم دوسرا پرچہ نثر قدیم

تیسرا پرچہ نظم و نثر جدید

چوتھا پرچہ علم نقد و العروض و القوافی

پانچواں پرچہ علوم البلاغۃ ۔ چھٹا پرچہ تاریخ ادب عربی

ساتواں پرچہ علم الالسنۃ آٹھواں پرچہ انشاء و مقالہ نگاری

(نوٹ) پانچویں اور آٹھویں پرچے کی جگہ ایک تحقیقی مقالہ لکھنے کا حق ہوگا!

(ج) کامل تاریخ ۔ پہلا پرچہ عرب قبل از اسلام و دورِ نبوت

دوسرا پرچہ خلافتِ راشدہ و عہدِ بنی اُمیہ

تیسرا پرچہ عہدِ بنی عباس و بنو فاطمہ

چوتھا پرچہ تاریخ مغرب و اندلس و صقلیہ

پانچواں پرچہ تاریخ ہند و ایران و ترکی

چھٹا پرچہ تاریخ چین و جزائر شرق

ساتواں پرچہ تاریخ سیاسیات و اقتصادیاتِ اسلامی } یا مقالہ تحقیقیہ

آٹھواں پرچہ فلسفۂ تاریخ و تاریخ تمدنِ اسلامی



© rasailojaraid.com